# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Wednesday, the 22nd January, 2025 at 2.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **SYEDA SHEHLA RAZA** **MS. SHAHIDA REHMANI**
**SYED RAFIULLAH** **MR. ABDUL QADIR PATEL**
**MIRZA IKHTIAR BAIG** to invite attention of the Minister for Energy (Power Division) to a matter of urgent public importance regarding continuous electricity load shedding in Karachi by K-electric, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILL

**4.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Parliamentary Affairs, to introduce a Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2025].

### ORDINANCE TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY

**5.** **DR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to lay before the National Assembly the Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Ordinance, 2024 (No. IX of 2024), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

### LEGISLATIVE BUSINESS

**6.** **SENATOR MOHAMMAD ISHAQ DAR**, Deputy Prime Minister / Minister for Foreign Affairs to move that the Bill to give effect to the Convention on the Prohibition of the Development, Production and Stockpiling of Bacteriological (Biological) and Toxin Weapons and on their Destruction, 1972 [The Biological and Toxin Weapons Convention (Implementation) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**7.** **SENATOR MOHAMMAD ISHAQ DAR**, Deputy Prime Minister / Minister for Foreign Affairs to move that the Bill to give effect to the Convention on the Prohibition of the Development, Production and Stockpiling of Bacteriological (Biological) and Toxin Weapons and on their Destruction, 1972 [The Biological and Toxin Weapons Convention (Implementation) Bill, 2024], be passed.

## PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE

**8.** **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK**, Chairman Standing Committee on Law and Justice to move that delay in presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Courts Ordinance, 1962 [The Civil Courts (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned.

**9.** **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK**, Chairman Standing Committee on Law and Justice to present report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Courts Ordinance, 1962 [The Civil Courts (Amendment) Bill, 2024].

**10.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior to move that delay in presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Coast Guards Act, 1973 [The Pakistan Coast Guards (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned.

**11.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior to present report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Coast Guards Act, 1973 [The Pakistan Coast Guards (Amendment) Bill, 2024].

**12.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior to move that delay in presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned.

**13.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior to present report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2024].

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**14.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**15.** **SYED AMIN UL HAQ** **MR. MUHAMMAD JAWED HANIF KHAN**
**SYED HAFEEZUDDIN** **MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA**
**SYED WASEEM HUSSAIN** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding increase in polio cases in the country, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**21st January, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو بدھ ، ۲۲ جنوری، ۲۰۲۵ء دوپہر دو بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **سیدہ شہلا رضا** **محترمہ شاہدہ رحمانی** **سید رفیع اللہ**

**جناب عبدالقادر پٹیل** **مرزا افتخار بیگ** وزیر برائے توانائی (بجلی ڈویژن) کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو کے۔الیکٹرک کی جانب سے کراچی میں بجلی کی مسلسل لوڈشیڈنگ سے متعلق ہے۔

## بل کا پیش کرنا

۴۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون وانصاف و پارلیمانی امور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھا جانے والا آرڈیننس

۵۔ **ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۴ء (نمبر ۹ بابت ۲۰۲۴ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

## قانون سازی

۶۔ **سینیٹر محمد اسحاق ڈار**، نائب وزیر اعظم/وزیر برائے خارجہ امور تحریک پیش کریں گے کہ جرثومی (حیاتیاتی) اور زہریلے ہتھیاروں کی تیاری، پیداوار اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور انہیں تلف کرنے کی بابت کنونشن کو مؤثر بہ عمل بنانے کا بل، ۱۹۷۲ء [کنونشن برائے حیاتیاتی اور زہریلے ہتھیار (عملدرآمد) بِل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۷۔ **سینیٹر محمد اسحاق ڈار**، نائب وزیر اعظم/وزیر برائے خارجہ امور تحریک پیش کریں گے کہ جرثومی (حیاتیاتی) اور زہریلے ہتھیاروں کی تیاری، پیداوار اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور انہیں تلف کرنے کی بابت کنونشن کو مؤثر بہ عمل بنانے کا بل، ۱۹۷۲ء [کنونشن برائے حیاتیاتی اور زہریلے ہتھیار (عملدرآمد) بِل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹوں کا پیش کرنا

۸۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ دیوانی عدالتیں آرڈیننس، ۱۹۶۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دیوانی عدالتیں (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۹۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف دیوانی عدالتیں آرڈیننس، ۱۹۶۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دیوانی عدالتیں (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۰۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان ساحلی محافظین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان ساحلی محافظین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۱۱۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ پاکستان ساحلی محافظین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان ساحلی محافظین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۲۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۱۳۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۴۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۵۔ **سید امین الحق** **جناب محمد جاوید حنیف خان** **سید حفیظ الدین**
**جناب محمد معین عامر پیرزادہ** **سید وسیم حسین** وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ملک میں پولیو کیسز میں اضافے سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۲۱ جنوری، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**

# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## SUPPLEMENTARY ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Wednesday, the 22nd January, 2025.

## TO BE READ AFTER ITEM NO. 4

## INTRODUCTION OF BILL

**4A.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior, to introduce a Bill further to amend the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2025].

### PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**4B.** **SYED AMIN UL HAQ**, Chairman Standing Committee on Information Technology and Telecommunication to present the report of the Standing Committee on the Bill to provide for the transformation of Pakistan into a digital nation, enabling a digital society, digital economy, and digital governance [The Digital Nation Pakistan Bill, 2024].

**Islamabad, the**
**22nd January, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## ضمنی نظام کار

برائے اجلاس قومی اسمبلی جو بدھ، ۲۲ جنوری، ۲۰۲۵ء کو منعقد ہوگا۔

### آئٹم نمبر ۴ کے بعد پڑھا جائے

### بل کا پیش کرنا

**۴/الف۔** **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [الیکٹرانک جرائم کی روک تھام (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

### قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

**۴/ب۔** **سید امین الحق**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات پاکستان کو ایک ڈیجیٹل ملک میں ڈھال کر اسے ایک ڈیجیٹل معاشرے، ڈیجیٹل معیشت اور ڈیجیٹل گورننس کے قابل بنانے کے لئے احکام وضع کرنے کے بل [ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

اسلام آباد،

۲۲ جنوری، ۲۰۲۵ء

طاہر حسین

سیکرٹری جنرل